# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

(ایک مرکزی یونیورسٹی)

NAAC کے ذریعہ تصدیق کردہ ''A+'' گریڈ یونیورسٹی

ویزیٹر

**شریمتی دروپدی مرمو**

عزت مآب صدر جمہوریہ ہند

چانسلر

**شری ممتاز علی**

وائس چانسلر

**پروفیسر سید عین الحسن**

رجسٹرار

**پروفیسر شیخ اشتیاق احمد**

ڈائرکٹر

**پروفیسر محمد رضا اللہ خان**

مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم




پروفیسر سید عین الحسن (شیخ الجامعہ، مانو)
شری ممتاز علی (چانسلر، مانو)
کو گلدستہ پیش کرتے ہوئے

## تدریس اور امتحان کا میڈیم

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ایکٹ 1996 کے ضوابط کے مطابق یونیورسٹی کا ذریعہ تعلیم اردو ہے۔یونیورسٹی ایکٹ کے تحت وضع کردہ اور گزٹ آف انڈیا میں اعلامیہ MANUU/Admin.I/F.I/2006-07/716 مورخہ 07 اپریل 2005

کے ذریعے اعلان کیے گئے تعلیمی آرڈینس (3) کے مطابق:

"تمام امتحانات کے سوالیہ پرچوں کی تیاری اور ان کے جوابات اردو زبان میں دیے جائیں گے، البتہ زبانوں کے تمام امتحانات کے سوالیہ پرچوں کی تیاری اور ان کے جوابات متعلقہ زبانوں میں ہوں گے"۔

مذکورہ بالا آرڈینس اور قانونی ضوابط کی روشنی میں یہاں اس بات کو واضح کیا جاتا ہے کہ عربی، ہندی،انگریزی اور فارسی جیسی زبانوں کے سوا دیگر تمام مضامین کے سوالیہ پرچے اردو میں ہوں گے اور طلبا کو جوابات بھی اردو ہی میں لکھنے ہوں گے۔اگر کوئی طالب علم اردو میں جوابات نہیں لکھتا ہے تو اسے کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

# شیخ الجامعہ کے قلم سے

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی حیثیت سے میرا یہ ایقان ہے کہ اردو زبان میں تعلیم کے ذریعے بین علومی تحقیق، اختراعات و ایجادات، اور جامع سماجی ترقی میں کمال حاصل کیا جاسکتا ہے۔ میں ایک ایسے مستقبل کا خواب دیکھتا ہوں جب ہمارے طلباء علم، ہمدردی، اور قوت ارادی کے ساتھ اس دنیا کی رہنمائی اور اپنی بصیرت سے اس کو مثبت تبدیلی اور لامحدود مواقع سے مالا مال کر سکتے ہیں۔

آج ہم 27 برس کی تکمیل کے اس موڑ پر کھڑے ہیں، اور اس علمی ماحول کی تخلیق کے لیے، میرے پاس اگلے 10 سالوں کے لیے ایک وژن ہے: یونیورسٹی کی انتظامیہ میں تجربہ کار افراد کو شامل کرنا، اختیارات و ذمہ داریوں کو غیر مرکوز کرنا اور کام کے معیار کو بلند کرنا اس وژن کے اہم عوامل جن کے ذریعے ہم بہتر حکمرانی کا ایک مثالی نمونہ فروغ دے سکتے ہیں۔ یہ تصور تاثیر، مسابقت، آزادی، اور خود کفالت کے نظریات سے بھی مطابقت رکھتا ہے تاکہ یونیورسٹی کو جن مسائل کا سامنا ہے ان کو حل کرنے کے لیے تمام وابستگان جامعہ کی بنیادی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے قابل عمل حل تیار کیے جا سکیں۔

یونیورسٹی نے صحت مند تعلیمی ماحول کے عصری تقاضوں کی تکمیل کے لیے، قومی تعلیمی پالیسی 2020 کی روشنی میں تازہ تصورات کے نفاذ کے سلسلے میں کچھ اہم فیصلے کیے ہیں۔ غیر ملکی زبانوں کا تعارف ایک ایسا خیال ہے جس کے لیے اردو زبان ترجمہ اور ترجمانی کے میدان میں بہترین کام کر سکتی ہے۔ بین علومی اور کثیر لسانی روایات کو فروغ دینے کے لیے کئی مضامین کو ایک ساتھ مربوط کرنے پر بھی کافی زور دیا گیا ہے۔ اس سے مختلف مضامین کے ارتباط اور سرحدوں کے پار بین ثقافتی تحقیق کی انجام دہی میں مدد ملے گی۔

ایک اور میدان جس میں ہم نے فروغ مہارت کے مختلف پروگراموں کا نفاذ کر کے طلبا کو پیشہ ورانہ طور پر بااختیار بنانے کی واضح حکمت عملی اختیار کی ہے اور اتھ ہی ساتھ اپنے علمی ماخذ کو برقرار رکھنے کے قابل ہوئے ہیں۔ نتیجتاً، کئی مضامین کو ریاست اور بیرون ریاست کے کئی اداروں اور طلبا میں غیر معمولی قبولیت اور مایت حاصل ہو رہی ہے۔

چونکہ ہماری یونیورسٹی میں داخلہ لینے والے طلباء کا ایک بڑا طبقہ سماجی و معاشی طور پر پس ماندہ پس منظر کا حامل ہوتا ہے، اس لیے مدارس کے ساتھ باضابطہ اور ورچوئل دونوں ذرائع سے مضبوط روابط قائم کیے جا رہے ہیں۔ یونیورسٹی ایکٹ کے بنیادی مقصد کے مطابق، جامعہ اب لڑکیوں کی بڑی تعداد کو ریگولر اور فاصلاتی تعلیم کے پروگراموں کی جانب بھی راغب کرنے میں کامیاب ہو رہا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ یونیورسٹی نے ہر سطح پر رسائی حاصل کر لی ہے۔

تعلیم کے علاوہ خود یونیورسٹی کا ماحول دوست کیمپس یہاں کے اساتذہ اور طلبا کو اس بات کی ترغیب دیتا ہے کہ وہ تمام جانداروں کا احترام کریں اور ایک دوسرے کے لیے باعث رحمت بنیں۔

ان سب باتوں کے پیش نظر ہم توقع کر سکتے ہیں کہ یونیورسٹی کا مستقبل کافی روشن ہے۔

پروفیسر سید عین الحسن

شیخ الجامعہ، مانو، حیدرآباد

# فہرست اندراجات


| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے بارے میں | 1 |
| 2۔ | مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم (سی۔ڈی۔او۔ای۔) کے بارے میں | 2 |
| 3۔ | بیچلر آف ایجوکیشن پروگرام | 5 |
| 3.1۔ | تعارف | 5 |
| 3.2۔ | پروگرام کے مقاصد | 5 |
| 3.3۔ | این سی ٹی ای اور یو جی سی-ڈی ای بی سے منظوری | 6 |
| 3.4۔ | پروگرام کی مدت | 6 |
| 3.5۔ | ذریعہ تعلیم | 6 |
| 3.6۔ | سمسٹر طرز | 6 |
| 3.7۔ | اہلیت | 6 |
| 3.8۔ | وہ طلباء جنہوں نے این سی ٹی ای سے منظوری یافتہ اساتذہ کی تربیتی پروگرام کا درج ذیل میں سے کوئی ایک فیس ٹو فیس موڈ میں کامیابی سے مکمل کیا ہو، اور ساتھ ہی گریجویشن بھی کیا ہو، وہ بی۔ایڈ۔(اوڈی ایل) میں داخلے کے اہل ہیں۔ | 9 |
| 3.9۔ | پروگرام فیس | 9 |
| 3.10۔ | فیس پر نظر ثانی | 10 |
| 3.11۔ | فیس واپسی کی پالیسی | 10 |
| 3.12۔ | دوبارہ رجسٹریشن | 11 |
| 3.13۔ | تدریسی نظام | 11 |
| 3.14۔ | تعین قدر | 12 |
| 3.15۔ | پروگرام کی ساخت | 13 |
| 4۔ | داخلہ کا طریقہ کار | 17 |
| 4.1۔ | انٹرنس ٹیسٹ | 17 |
| 4.2۔ | بی ایڈ کے انٹرنس ٹیسٹ پیپر کی ساخت | 17 |
| 4.3۔ | انٹرنس ٹیسٹ سنٹر کی فہرست | 18 |
| 4.4۔ | اوایم آر جوابی شیٹ کیسے بھریں | 18 |

| | | |
|---|---|---|
| 4.5۔ | داخلہ ٹیسٹ کے لیے عمومی ہدایات | 19 |
| 4.6۔ | نتائج اور رینک / میرٹ لسٹ کا اعلان | 22 |
| 4.7۔ | آن لائن دستاویزات کی تصدیق | 22 |
| 4.8۔ | جانچ کے وقت امیدوار کے ذریعے پیش کیے جانے والے اسناد | 22 |
| 4.9۔ | پروگرام سینٹر کی فہرست | 23 |
| 4.10۔ | داخلے کی منسوخی | 26 |
| 5۔ | B.Ed. کے داخلہ کا عارضی شیڈول / تعلیمی کیلنڈر | 26 |
| 6۔ | ریجنل سنٹرس اور سب ریجنل سینٹرس | 28 |
| 7۔ | اکثر پوچھے جانے والے سوالات | 29 |
| 8۔ | اسناد کے نمونہ فارمیٹس | 31 |
| 9۔ | پراسپیکٹس کمیٹی | 39 |

दक्षिण क्षेत्रीय समिति
राष्ट्रीय अध्यापक शिक्षा परिषद्
(भारत सरकार का एक सांविधिक निकाय)

Southern Regional Committee
National Council for Teacher Education
(A Statutory Body of the Government of India)

F.No.SRC/NCTE/APS07298/B.Ed.-ODL/TS/2022/ 137858
F.No.SRC/NCTE/SRCAPP1960/B.Ed.-AI-ODL/TS/2022

Dated: - 12 DEC 2022

**TO BE PUBLISHED IN GAZETTE OF INDIA PART III SECTION 4**
**CONTINUATION ORDER**

**WHEREAS,** the recognition u/s 14 (3)(a) of NCTE Act, 1993 was granted to the institution namely, **Maulana Azad National Urdu University, Hyderabad, Andhra Pradesh** for B.Ed.-ODL & B.Ed.-AI-ODL as per following details:-

(i) The SRC vide order no. F.SRO/APSO7298/B.Ed-DE/2006-2007/5803 dt. 28.06.2007 for conducting Secondary (B.Ed.- Distance Education) of one year duration with an annual intake of 500 students.

(ii) The SRC vide order no. F.SRO/SRCAPP1960/B.Ed-DE/AP/2014-15/57189 dt. 26.02.2014 for conducting (B.Ed.-AI-Distance Education). Programme of two years duration with an annual intake of 500 students.

2. **AND WHEREAS,** a letter was issued to the institution regarding notification of new Regulations 2014 seeking consent on their willingness for fulfilling the revised Norms and Standards and the institution has not submitted the Affidavit.

3. **AND WHEREAS,** for non-submission of Affidavit as per Regulations 2014. Accordingly, as per decision of SRC a Show Cause Notice was issued to the institution on 25.02.2016. The Maulana Azad National Urdu University vide letter dt. 03.04.2019 submitted its reply to clarification.

4. **AND WHEREAS,** the SRC in its 374th Meeting held on 09th& 10th April, 2019 considered the matter and decided to issue Show Cause Notice. Accordingly, as per decision of SRC Show Cause notice was issued to the institution on 22.04.2019. The institution did not submit any reply to Show Cause Notice.

5. **Accordingly,** the SRC in its 385th Meeting held on 03rd March, 2020 the matter was considered and decided to issue Last reminder (Letter) to the University. Accordingly, as per decision of SRC last reminder (Letter) was issued to the University on 13.03.2020. The institution has submitted its reply on 30.04.2020

6. **AND WHEREAS,** the SRC in its 388th Meeting held on 14th& 15th September, 2020 considered the matter and decided to issue a letter to the University. Accordingly, as per decision of SRC letter was issued to the University on 24.09.2020. The university has submitted its reply on 14.10.2020. The SRC in its 393rd Meeting held on 05th& 06th January, 2021 considered the

DDE/740 21/12/22

Director, DDE

Page 1 of 6

कार्यालय: जी-7, सैक्टर-10,
(निकट सैक्टर-10 मेट्रो स्टेशन), द्वारका,
नई दिल्ली -110075
website: ncte.gov.in/Website/SRC.aspx

Office: G-7 Sector-10,
(Near Sector-10 Metro Station), Dwarka,
New Delhi – 110075
E-mail: src@ncte-india.org

matter and decided to issue Show Cause Notice to the University. Accordingly, as per decision of SRC Show Cause Notice was issued to the institution on 18.01.2021. The University vide letter dt. 29.03.2021 submitted its reply to the Show Cause Notice.

7. **AND WHEREAS,** the SRC in its 398th meeting held on 07.04.2021 considered the matter and decided to issue a letter to the University. Accordingly, as per decision of SRC a letter dt. 12.04.2021 was issued to the MS, NCTE for seeking clarification.

8. **AND WHEREAS,** the University vide letter dated 16.04.2021 has submitted written representation in response of SCN. Further, the University vide letter dated 21.10.2021 has submitted written representation in response of Show Cause Notice.

9. **AND WHEREAS,** the SRC in its 405th Meeting held on 13th& 14th December, 2021 considered the matter and decided to issue letter to the Under Secretary (Regulation) and The Registrar, Maulana Azad national Urdu University. Accordingly, as per decision of SRC letter was issued on 14.01.2022 & 17.01.2022. The SRC in its 409th meeting held on 29th& 30th March 2022 decided to collect amount of Rs. 2 Lakhs non-refundable to each institution seeking condition of recognition for B.Ed. ODL programme to meet expenditure involved in getting self-learning material asset by subject experts. Accordingly, letter dt. 12.05.2022 was issued to the MANUU. In response to the letter, MANUU has deposited Rs. 2 Lakhs along with SLM/SIM material. The matter was placed before the SRC in its 412th Meeting held on 05th& 06th July, 2022 were by the Committee has formed Sub-Committee consisting of 4 Members. The Sub-Committee has finalized the list of subject experts and slab for payment to the subject expert for evaluation. Accordingly, the SIM/SLM Material submitted by the institution has been sent to the subject expert for the evaluation. The subject expert has given their report to the SRC. MANUU has submitted faculty list of 8 no. as per prescribed Performa of NCTE dt. 02.09.2022.

10. **AND WHEREAS,** a letter dt. 14.09.2022 has been issued to the UGC regarding information of the status of the institution i.e., MANUU. The subject expert has submitted their evaluation report on 05.09.2022. The matter considered in SRC its 414th meeting held on and the Committee decided as under:-

> The original files of the Institution alongwith other related documents, NCTE Act, 1993, Regulations Guidelines issued by NCTE from time to time carefully considered by the SRC and the following observations were made were made: -
>
> The Committee has decided to issue a continuation of recognition order to Maulana Azad National Urdu University Gochibowli, Hyderabad, Telangana-500032 as they comply with NCTE Regulations. The RD, SRC is authorised to issue the order to the effect subject to clearance from the UGC.

11. **AND WHEREAS,** as per decision of SRC a letter was issued to the UGC (Distance Education Bureau) vide order no. F.No. SRC/APSO7298-B.Ed./SRCAPP1960-B.Ed.-AI/ODL/2022/135785 dated 04.10.2022.

12. **AND WHEREAS,** in response to the letter dated 04.10.2022 the Maulana Azad National Urdu University has submitted representation vide no ref. MANNU/DDE/B.Ed-I/F.40/349 dated 24.11.2022, which is as under:-

> "The matter of B.Ed. (ODL) programme remains pending between SRC-NCTE and UGC-DEB for the last two years. The University could not offer this programme since then due to the communication gap between two regulatory bodies. The situation is severely affecting the in-serving education of Urdu medium teachers in particular and quality of school education of Urdu medium schools in general across the country. The loss of two years for in-service teacher education is a big loss both for the Urdu medium teachers and Urdu medium school education as a whole.
>
> Therefore, you are kindly requested to issue Continuation of Recognition Order without waiting for clearance from UGC-DEB. After getting this order from SRC-NCTE, the University will submit the same to UGC-DEB for their clearance, then only the process of admissions will commence under intimation to your office."

13. **AND WHEREAS,** the SRC in its 417th meeting held on 01st – 02nd December 2022 considered the matter and decided as under:-

> *"The original files of the Institution along with other related documents, NCTE Act, 1993, Regulations Guidelines issued by NCTE from time to time carefully considered by the SRC and the following observations were made: -*
>
> **The Committee after perusal of the letter received form the registrar MANUU, decided to issue continuation of recognition order to Maulana Azad National Urdu University, Gochibowli, Hyderabad, Telangana-500032 as they complied with NCTE Regulations for B.Ed. (ODL). Therefore, the RD SRC is advised to issue continuation of recognition order for 2 units of B.Ed. (ODL) i.e. 1000 (working teachers).**

14. **NOW THEREFORE,** this order is issued permitting the institution **i.e., Maulana Azad National Urdu University, Gochibowli, Hyderabad, Telangana-500032** for continuation of recognition for (**B.Ed.- ODL) & B.Ed.-AI-ODL Course in Urdu Medium** for two years duration for one unit i.e., **1000 seats** subject to fulfillment of the following conditions: -

I. The Endowment fund of Rs. 5 lakhs and Reserve fund of Rs. 7 lakhs kept in joint account with Regional Director of NCTE should be maintained perpetually. Raising loan against the FDRs or mortgaging them shall not be allowed.

II. The institution shall comply with various other norms and standards prescribed in the NCTE Regulations, 2014 as amended from time to time.

III. The institution shall make admissions only after it obtains affiliation from the examining body in terms of clause 8(10) of the NCTE (Recognition Norms & Procedure) Regulations, 2014.

IV. The institution shall ensure that the required number of academic staff duly approved by affiliating body for conducting the course should always remain in position.

**15.** Further, the institution is required to fulfill all such other requirements as may be prescribed by other regulatory bodies like UGC, affiliating University /Body, the State Government etc. as applicable.

**16.** The institution shall submit to the Regional Committee as Self – Appraisal Report at the end of each academic year along with the statement of annual accounts duly audited by a Chartered Accountant.

**17.** The institution shall maintain its Website with hyperlink to the Council and the Southern Regional Committee, covering, inter – alia, the details of the institution, its locations, name of the programme(s) with intake; available of physical infrastructure, such as land, building, office, classrooms, and other facilities of amenities; instructional facilities, such as laboratory and laboratory and library and the particulars of their teaching faculty and non-teaching staff with photographs, for information of all concerned. The information with regard to the following shall also be made available on the website namely: -

a. Sanctioned programme(s) along with annual intake in the institution:
b. Name of faculty and staff in full as mentioned in school certificate along with their qualifications, scale of pay and photograph.
c. Name of faculty members who left of joined during the last, quarter:
d. Name of Students admitted during the current session along with qualification, Percentage of marks in the qualifying examination and in the entrance test, if any, date of admission, etc.
e. Fee charged from students.
f. Available infrastructural facilities.
g. Facilities added during the last quarter.
h. Number of books in the library, journals subscribed to and additions, if any, in the last quarter.
i. The affidavit with enclosure submitted along with application.
j. The institution shall be free to post additional relevant information if it so desires.
k. Any false or incomplete information on website shall render the institution liable for withdrawal of recognition.

**18.** The institution shall adhere to the mandatory disclosure in the prescribed format and display up-to-date information on its official website.

**19.** The institution shall make available the list of students admitted on its official website.

**20.** The institution shall fill the information on GIS Portal on the NCTE Website.

If the institution contravenes any of the above conditions or the provision of the NCTE Act, Rules, Regulations and orders made of issued there under, the institution will render itself vulnerable to adverse action including withdrawal of recognition by the Southern Regional Committee under the provisional of Section 17(1) of the NCTE Act, 1993.

Also order that a copy of this Order be published in the official Gazette.

By Order,

12/12/2022

**(Madan Singh Yadav)**
**Regional Director**

The Manager
Govt. of India Press
Department of Publications, (Gazette Section)
Civil Lines, Delhi – 110 054

**Copy to: -**

1. **The Registrar,**
   Maulana Azad National Urdu University,
   Gochibowli, Hyderabad, Telangana-500032.

14/12
Dir (DDE)

2. **The Secretary,**
   Department of School Education and Literacy,
   Ministry of Education,
   Govt. of India, Shastri Bhawan,
   New Delhi- 110001.

3. **The Principal Secretary, (Higher Education)**
   Department of Education (In charge Teacher Education),
   Govt. of Telangana, Room No. 117,
   D-Block, Ground Floor, Telangana Secretariat,
   Hyderabad-500022,
   Telangana.

4. **The Under Secretary (IT and E-governance),**
   National Council for Teacher Education,
   G-7, Sector-10, (Near Sector-10 Metro Station), Dwarka,
   New Delhi-110075.

राष्ट्रीय मूल्यांकन एवं प्रत्यायन परिषद

विश्वविद्यालय अनुदान आयोग का स्वायत्त संस्थान

NATIONAL ASSESSMENT AND ACCREDITATION COUNCIL

*An Autonomous Institution of the University Grants Commission*

# Certificate of Accreditation

The Executive Committee of the
National Assessment and Accreditation Council
is pleased to declare
Maulana Azad National Urdu University
Gachibowli, Hyderabad, Telangana as
Accredited
with CGPA of 3.36 on four point scale
at A+ grade
valid up to December 19, 2027

Date : December 20, 2022

Director

EC(SC)/136/3rd Cycle/TSUNGN10145

## 1۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے بارے میں



مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (MANUU) ایک مرکزی یونیورسٹی ہے جو پارلیمانی قانون کے ذریعے 1998 میں کل ہند دائرہ کار کے ساتھ قائم ہوئی۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا صدر دفتر اور مرکزی کیمپس گچی باولی، حیدرآباد میں واقع ہے۔ یہ کیمپس 200ایکڑ کے رقبے پر پھیلا ہوا ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ملک کے دور دراز علاقوں میں بسنے والے افراد کے لیے روایتی و فاصلاتی طرز کے پروگراموں کے ذریعے اردو زبان میں اعلیٰ تعلیمی خدمات فراہم کرنے والے سب سے بڑے ادارے کے طور پر جانی جاتی ہے۔ یونیورسٹی نے 1998 میں فاصلاتی تعلیم کے پروگراموں سے اپنے سفر کا آغاز کیا اور 2004 میں ریگولر پروگراموں سے اپنی تعلیمی و تحقیقی بنیادوں کو مستحکم کیا۔ یہ یونیورسٹی مولانا ابوالکلام آزاد کے نام پر قائم کی گئی ہے جو ایک بلند پایہ عالم، دانشور، ادیب، مقرر، مجاہد آزادی، آزاد ہندوستان کے تعلیمی نظام کے منصوبہ ساز اور ملک میں جدید اور سائنسی تعلیمی اداروں کے معمار تھے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اس وقت اپنے قائم شدہ شعبوں اور مراکز کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف اصلاحی اقدامات کے ذریعے ان افراد کو تعلیم سے آراستہ کر رہی ہے جو اب تک اس سے محروم تھے۔ اس کے علاوہ وہ ملک کی نوجوان نسل اور اردو داں طبقے کی بڑھتی امنگوں کو پورا کرنے کے لیے یونیورسٹی نے تعلیم، تحقیق، نظم و نسق کے تمام محاذوں پر متعین وژن، مشن اور مقاصد کے ساتھ قابل ذکر پیش رفت کر رہی ہے۔

### وِژن:

مشمول پالیسی پر کاربند رہتے ہوئے بذریعہ اردو اعلیٰ تعلیم تک رسائی کی فراہمی۔

### مشن:

روایتی طرزِ تعلیم اور فاصلاتی طرزِ تعلیم کے ذریعے معاشرے کے سماجی، معاشی اور تعلیمی طور پر پسماندہ طبقات کو بااختیار بنانا تاکہ وہ قومی دھارے میں شامل ہو سکیں نیز ملک کی سماجی، معاشی ترقی میں اپنا رول ادا کر سکیں۔

### بنیادی مقاصد اور اہداف

مانو ایکٹ 1996 کی دفعہ 4( 1997 کا نمبر 2) کے مطابق یونیورسٹی کے مقاصد حسب ذیل ہیں۔

- اردو زبان کے فروغ اور ترقی کو تقویت دینا؛
- اردو کو بطور ذریعہ تعلیم استعمال کرتے ہوئے پیشہ وارانہ اور تکنیکی مضامین میں معیاری تعلیم اور تربیت فراہم کرنا؛

- پیشہ ورانہ تدریس اور فاصلاتی نظام تعلیم کے توسط سے اردو میڈیم میں اعلیٰ تعلیم و تربیت حاصل کرنے کے خواہش مند طلبا کے لیے رسائی کے وسیع مواقع کی فراہمی۔
- خواتین کی تعلیم پر خصوصی توجہ۔

### مذکورہ بالا مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے یونیورسٹی درج ذیل کام انجام دینے کی کوشش کرے گی:

- باہمی تعامل اور اختراعی تدریس و اکتساب پر خصوصی توجہ کے ساتھ ساتھ سماجی رابطے کے ذریعہ طلبا کو اردو زبان میں تعلیم کے بہترین تجربے کی فراہمی
- تعلیم و تحقیقی نتائج اور رسائی کے اقدامات میں عالمی سطح کی بہترین روایات اور معیار کی پابندی
- مسلسل تعلیم، اسپانسر کردہ تحقیق اور مشاورت کی ذریعے داخلی آمدنی / وصولیابی میں توسیع واضافہ
- ملکی معیشت کی ترقی میں حصہ ادا کرنے والی اہل افرادی قوت کی تیاری کے ذریعے لاکھوں غریب افراد کے معیار زندگی میں بہتری لانے کی کوشش
- وسائل کا مؤثر اور بھرپور استعمال کرنا اور عمل پر مبنی متعین اقدامات کے ذریعے یونیورسٹی کو ایک اسمارٹ، ڈیجیٹل اور صاف ستھرے کیمپس میں تبدیل کرنا

### یونیورسٹی کے اسکول اور شعبہ جات:

ریگولر طرزِ تعلیم کے تحت مختلف تعلیمی پروگراموں پر عمل آوری کے لیے یونیورسٹی کے وِژن اور مشن کو بروئے کار لاتے ہوئے آٹھ (8) مطالعاتی اسکول اور متعدد شعبہ جات و مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ پورے ہندوستان میں یونیورسٹی کے متعدد کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، پولی ٹیکنک، اور آئی ٹی آئی موجود ہیں۔

ان شعبہ جات و مراکز کے تحت یونیورسٹی میں کل 120 پروگرامز فراہم کیے جارہے ہیں۔اس کے علاوہ یونیورسٹی پالی ٹیکنک کے ذریعے 08 ٹکنیکل ڈپلوما اور آئی ٹی آئی کے ذریعے 08 ووکیشنل سرٹیفکیٹ پروگرامز کی تعلیم فراہم کرتی ہے۔ یونیورسٹی مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم کے تحت ODL کے ذریعے UG،PG، ڈپلومہ، اور سرٹیفکیٹ پروگرام بھی پیش کرتی ہے۔

## 2۔ مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم (سی۔ڈی۔او۔ای۔) کے بارے میں

دنیا بھر میں آج کل فاصلاتی طرز تعلیم کے رجحان میں اضافہ ہوا ہے۔اس طرز تعلیم میں موجود مختلف قسم کی سہولتوں کے پیش نظر طلبا اسے زیادہ پسند کرتے ہیں۔ کبھی کبھی تعلیم کے خواہش مند امیدوار اپنے تعلیمی نصب العین کے حصول کے لیے مختلف وجوہات کی بنا پر یونیورسٹی یا کالج جانے کے متحمل نہیں ہوتے۔فاصلاتی طرزِ تعلیم ہی ایک ایسا ذریعہ ہے جو تعلیم کو ان کی دہلیز تک پہنچاتا ہے۔یہ تعلیم سے محروم افراد تک رسائی فراہم کرتا ہے۔فاصلاتی طرزِ تعلیم، جسے اوپن اینڈ ڈِسٹنس لرننگ (Open & Distance Learning-ODL) بھی کہا جاتا ہے، اُن افراد، خصوصاً خواتین کے لیے زیادہ مناسب ہے جو گھر پر رہتے ہوئے یا اپنے پیشہ ورانہ کام کو انجام دیتے ہوئے اپنی تعلیمی اہلیت بڑھانا چاہتے ہیں۔اس طرزِ تعلیم میں طلبا کو

UGC - DEB کے رہنما خطوط اور یونیورسٹی کے قواعد و ضوابط کے مطابق مخصوص کونسلنگ کلاسز منتخب شدہ لرنر سپورٹ سینٹر (Learner Support Center-LSC) / (Study Center-) اسٹڈی سینٹر پر کرنی ہوتی ہیں۔

مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم، اوپن اینڈ ڈسٹنس لرننگ (ODL) یعنی فاصلاتی طرز پر مختلف تعلیمی پروگرام فراہم کرتا ہے۔ یہ نو (9) ریجنل سینٹرس، چھ (6) سب ریجنل سینٹرس اور 155 لرنر سپورٹ سینٹرز (LSCs) کے ساتھ امتحانی مراکز اور 5 خصوصی امتحانات کے نیٹ ورک کے ذریعے ان پروگراموں کو فراہم کرکے ہزاروں طلبا کی تعلیمی ضروریات کو ان کے گھروں پر پورا کر رہا ہے۔

مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم کو اپنے پروگراموں کو مزید بہتر بنانے کے لیے یونیورسٹی کے انسٹرکشنل میڈیا سینٹر (IMC)، سینٹر فار انفارمیشن



ٹیکنالوجی (CIT)، ڈائرکٹریٹ آف ٹرانسلیشن، ٹرانسلیشن اسٹڈیز، لیکسو گرافی اینڈ پبلیکیشنز (DTTLP) اور سینٹر فار انٹرنل کوالٹی اشیورنس (CIQA) کا تعاون حاصل ہے۔

مرکز برائے فاصلاتی وآن لائن تعلیم کے اساتذہ یونیورسٹی کے IMC کے تکنیکی تعاون سے مختلف کورسز کے لیے آڈیو ویژول پروگرام تیار کرتے ہیں۔ یہ سبھی پروگرام IMC کے یوٹیوب چینل https://www.youtube.com/imcmanuu پر دستیاب ہیں جنہیں کبھی بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ آڈیو ویژول تعلیمی پروگرام کا یہ سلسلہ جاری ہے اور مسلسل نئے اسباق تیار کرکے اپلوڈ کیے جارہے ہیں۔ مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم جلد ہی اپنا ڈیجیٹل ملٹی میڈیا سنٹر (DMMC) بھی شروع کرنے والا ہے۔ طلبا کے لیے خود اکتسابی مواد یونیورسٹی کی ویب سائٹ http://manuu.edu.in./dde/self-learning-material پر موجود ہے۔ طلبا ان سبھی سہولتوں سے کہیں بھی کسی بھی وقت استفادہ

کر سکتے ہیں۔

مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم نے اپنے تعلیمی نظام کو جدید سانچے میں ڈھالنے، معیارات میں بہتری لانے اور طلبا کے فائدے کے لیے یو جی اور پی جی پروگراموں میں چوائس بیسڈ کریڈیٹ سسٹم (CBCS) کو متعارف کرایا ہے۔ یو جی سی-ڈی ای بی ریگولیشن کے مطابق فاصلاتی پروگراموں کے تمام نصابات پر نظر ثانی کر کے انہیں روایتی طرز کے نصابات سے کلی طور پر ہم آہنگ کیا گیا ہے اور اسی کے مطابق خود اکتسابی مواد تیار کیا گیا ہے۔ مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم اپنے تعلیمی اور انتظامی امور سے وابستہ سرگرمیوں میں انفارمیشن اور کمیونیکیشن ٹکنالوجی کو اپنا رہا ہے۔ فاصلاتی پروگراموں میں داخلے اب صرف اور صرف آن لائن ہی دیے جاتے ہیں۔ ڈائرکٹریٹ اور طلبا کے درمیان ترسیل کو بہتر بنانے کے لیے بڑے پیمانے پر ایس ایم ایس کی سہولت فراہم کی جارہی ہے، جسے مختلف کاموں مثلاً خود اکتسابی مواد کی فراہمی، کورس رجسٹریشن اور اسائنمنٹ وغیرہ کے الرٹ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

## ویژن

کھلے اور فاصلاتی طرز میں (ODL) بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ ایک ایسے مرکز کی حیثیت حاصل کرنا جو فاصلاتی تعلیم کے پروگراموں کے وسیلے سے اردو بولنے والے لوگوں کو بااقتدار بنانے میں فعال کردار ادا کرے۔

## مشن

- ODL کے ذریعہ اردو بولنے والی آبادی کے لئے خصوصاً نارسیدہ عوام تک رسائی کی غرض سے تعلیمی اور تربیتی پروگراموں میں رسائی کا اضافہ کرنا۔
- ODL کے وسیلے سے خواتین کی تعلیم وتربیت کو مرکزیت فراہم کرنا۔
- پیشہ وارانہ تعلیم اور تربیت کے سلسلے کو جاری رکھنے کے لیے اور تاعمر حصول تعلیم کے مواقع اور ان مواقعوں تک وسیع تر رسائی فراہم کرنا
- اکتساب (سیکھنے) کے عمل کو ثروت مند بنانے کے لیے ODL کے استعمال کی استعداد پیدا کرنا۔
- ODL کے شعبے میں تحقیقی مطالعات منعقد کرنا تاکہ اس نظام کو ترقی حاصل ہو۔

## مقاصد

- ODL کے توسط سے روزگار کے مواقع پیدا کرنا۔
- اکتساب (تعلیم) میں لچک داری پیدا کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ کوشش کرنا۔
- ہدفی جماعت (گروپ) کے لیے معیاری اعلیٰ تعلیم کو یقینی بنانا۔
- شخصی اور آن لائن مشاورتی رابطہ کلاسوں کو امتزاجی اکتساب (تعلیم) کے قابل بنانا۔
- اعلیٰ تعلیم میں بڑے پیمانے پر افقی اور عمودی حرکت پذیری میں سہولت پیدا کرنا۔

- غیر روایتی اردو طلباء کو رسمی تعلیمی نظام سے جوڑنا۔
- مجموعی داخلہ تناسب(GER) میں بازار کی ضرورت، خلا اور رجحانات کے علاوہ سماجی مطالبات کی اساس پر اضافہ کرنا۔
- این ای پی 2020 کی طرح قومی سطح کی تعلیمی پالیسیوں کو نافذ کرنا۔

## 3۔ بیچلر آف ایجوکیشن پروگرام

### 3.1 تعارف

بیچلر آف ایجوکیشن پروگرام، جسے عام طور پربی ایڈ کہاجاتاہے، ایک پیشہ ورانہ پروگرام ہے، جو اساتذہ کو اپر پرائمری (کلاس VI-VII)، سیکنڈری (IX-X کلاس) کے ساتھ ساتھ سینیئر سیکنڈری (کلاس XI-XII) کی سطح کے لیے تیار کرتا ہے۔اوڈی ایل موڈ میں بیچلر آف ایجوکیشن پروگرام (بی ایڈ)، برسرِ خدمت اساتذہ کے لیے ایک پیشہ ورانہ پروگرام ہے، جو اساتذہ کی تعلیم میں دوسری ڈگری ہے، جس کا مقصد بنیادی طور پر اپر پرائمری، سیکنڈری اسکولوں میں برسرِ خدمت (ورکنگ) اساتذہ کے پیشہ ورانہ قابلیت کو اپ گریڈ کرنا ہے، جو ثانوی، سیکنڈری، سینیئر سیکنڈری سطح پر کسی باقاعدہ تربیت کی اہلیت کے بغیر پیشے میں داخل ہوئے ہیں۔اس کا مقصد ایک ٹیچر کی حیثیت سے بھرتی کے لیے کم سے کم اہلیت کے حوالے سے این سی ٹی ای کے نوٹیفکیشن کے مطابق، تعلیم کے ثانوی مرحلے کے لیے برسرملازمت اساتذہ کو تیار کرنا ہے۔پروگرام کی ڈیزائن، اس کی تیاری اور پروگرام پر عمل آوری کے لیے بلنڈڈ اکتساب (Blended Learning) کا طریقہ استعمال کیا جائے گا۔

یہ پروگرام اساتذہ کے ذریعے حاصل کردہ تجربات کو ایک دوسرے سے بانٹنے کے مواقع بھی فراہم کرتا ہے۔ یہ پروگرام متعلمین کے تقاضوں کے مطابق اکتسابی تجربات کے انتخاب اور انہیں منظم کرنے کے لیے اساتذہ کو اہل بناتا ہے۔اس کے علاوہ، یہ پروگرام جدید ترین تدریسیات، تعلیمی تعین قدر، اسکول مینجمنٹ اور تعلیم میں آئی سی ٹی کے استعمال وغیرہ جیسے میدانوں کا علم اور ان کی سمجھ فراہم کرتا ہے۔

### 3.2۔ پروگرام کے مقاصد

زیر تربیت معلم کو اس قابل بنانا کہ وہ؛

1. پیشہ ورانہ استعداد کو بڑھا سکیں اور ان کی تدریسی تجربات کو منظم کر سکیں۔
2. ثانوی اسکول طلبا کے لیے اکتسابی تجربات کو منعقد کرنے میں مختلف طریقوں اور طرز رسائیوں کے تئیں ایک جامعہ تفہیم پیدا کر سکیں۔
3. موثر اکتسابی تجربات کے انتخاب اور انعقاد کے لیے درکار ضروری مہارتوں کو فروغ دے سکیں۔
4. اکتسابی عمل میں شامل حرکیات کی گہری تفہیم حاصل کر سکیں۔
5. طلبا کو درپیش تعلیمی اور ذاتی مسائل سے نمٹنے کے لیے درکار مہارتوں کو حاصل کر سکیں۔

6. تعین قدر کے طریقہ کار، تکنیکوں اور کمرہ جماعت میں ان کے مضمرات کے علم اور عملی تفہیم کو حاصل کر سکیں۔
7. مناسب تعین قدر کے آلات کے انتخاب، تیاری اور استعمال کی صلاحیت کو پروان چڑھا سکیں۔
8. اسکولی انتظام کے مختلف امور کے علم اور تفہیم کو حاصل کر سکیں۔
9. تدریسی سرگرمیوں کے انعقاد اور طلباء کی امداد کے لیے درکار استعداد کو فروغ دے سکیں۔
10. سماجی-ثقافتی اور سیاسی تناظر میں بالخصوص تعلیم کے میدان میں اساتذہ کے کردار کے تئیں استحسان کو فروغ دے سکیں۔
11. زیر تربیت معلمین میں فن کی تعلیم کے ذریعے فنی اور جمالیاتی حس کو پروان چڑھا سکیں۔
12. ایک شمولیتی اسکولی ماحول کو قائم کرنے کے لیے متنوع ثقافتوں، پالیسیوں اور پریکٹیسوں کی تفہیم کو پروان چڑھا سکیں۔
13. نصاب کے تئیں بصیرت حاصل کر سکیں اور اسکولی علم اور کمیونٹی کی روزمرہ زندگی کے درمیان تعلق قائم کر سکیں۔
14. موثر تدریسی طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے مضمونی علم سے تصوراتی تفہیم کی تعمیر کر سکیں اور ان تصورات کو طلباء تک پہنچا سکیں۔
15. ابھرتے ہوئے مسائل جیسے ماحول، آبادی کی حرکیات، صنفی مساوات، قانونی خواندگی، آزادیانہ، خانگیانہ، عالمیانہ(**LPG**) کے اثرات، آئی سی ٹی کی تنقیدی تفہیم اور تعلیم یوگا کی اہمیت وغیرہ کے تئیں حساسیت اور آگاہی کو پروان چڑھا سکیں۔

## 3.3۔ این سی ٹی ای اور یو جی سی-ڈی ای بی سے منظوری

بی ایڈ فاصلاتی پروگرام نیشنل کونسل فار ٹیچر ایجوکیشن اور یو جی سی-ڈی ای بی کے درج ذیل ترسیلی خطوط سے حسب ترتیب منظور شدہ ہے۔
NCTE-Reg1019/1607/ 2017 -Regulation Section-SRC, File No. SRCAPP1960/145705 – 145707 dated 2nd April 2025 and UGC – DEB Communication dated 18th July,2025

## 3.4۔ پروگرام کی مدت

اس پروگرام کی **مدت دوسال** ہے۔ البتہ اس پوگرام کو زیادہ سے زیادہ **پانچ سال** میں مکمل کیا جاسکتا ہے۔

## 3.5۔ ذریعہ تعلیم : اردو

## 3.6۔ سمسٹر طرز: یہ پروگرام سمسٹر طرز پر مشتمل ہے جو کہ چار سمسٹر پر محیط ہے۔

## 3.7۔ اہلیت

بیچلر آف ایجوکیشن (B.Ed.) اوڈی ایل موڈ کے ذریعے پیش کیا جانے والا پروگرام ان سروس اساتذہ کے لیے ایک پیشہ ورانہ پروگرام ہے۔ یہ اساتذہ کی تعلیم میں دوسری ڈگری ہے، جس کا بنیادی مقصد پرائمری، سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری سطحوں پر ملازمت کرنے والے اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیت کو بہتر بنانا ہے جو ثانوی اساتذہ کی رسمی تربیت کے بغیر پیشے میں داخل ہوئے ہیں۔ اس کا مقصد اساتذہ کی بھرتی کے لیے کم از کم اہلیت کے حوالے سے این سی ٹی ای کے نوٹیفکیشن کے مطابق تعلیم کے ثانوی مرحلے کے لیے ان سروس اساتذہ کو تیار کرنا ہے۔ (تعاون، NCTE B.Ed. (ODL) معیارات اور معیارات، 2014)۔

یونیورسٹی، این سی ٹی ای کے بی ایڈ (اوڈی ایل) ضوابط و معیار(Norms & Standards)، 2014 کے تحت مقرر کردہ اہلیت کی پیروی کرتی ہے۔ مذکورہ ضوابط و معیار کی شق 4.2 درج ذیل ہے۔

درج ذیل زمرے کے حامل طلبابی ایڈ (اوڈی ایل) میں داخلے کے لیے اہل ہیں۔

(i) ایلیمنٹری تعلیم میں تربیت کے قواعد کے مطابق ہوں گے ۔

**ان کے علاوہ**

(ii) امیدوار، جو یو جی سی کی کسی بھی منظور شدہ یونیورسٹی سے سائنس / سماجی علوم / کامرس / ہیومانٹیز میں بیچلر یا / اور ماسٹر ڈگری میں کم از کم پچاس فیصد (50٪) نمبرات حاصل کیے ہوں، امیدوار جو بیچلر ان انجینئرنگ اینڈ ٹکنالوجی کی ڈگری ریاضی اور سائنس کے مضامین کے ساتھ 55 فیصد نمبرات سے حاصل کیے ہوں یا ایسے امیدوار جو مساوی قابلیت رکھتے ہوں، اس پروگرام میں داخلے کے اہل ہیں۔

(iii) امیدوار، اردو بحیثیت مضمون یا بحیثیت ذریعہ تعلیم دسویں جماعت تک یا اس کے مماثل یا اس سے زائد پڑھے ہوں، کیوں کہ اردو ذریعہ تعلیم یونیورسٹی کا مینڈیٹ ہے، جو اس یونیورسٹی کا ایک خاص وصف ہے۔

(iv) ایس سی / ایس ٹی / او بی سی / پی ڈبلیو ڈی اور دیگر زمروں کے لیے نشستوں کا ریزرویشن اور نمبروں میں رعایت مرکزی حکومت یا ریاستی حکومت کے قواعد کے مطابق ہو گی۔



مزید وضاحت کے لیے، این سی ٹی ای کی ویب سائٹ پر اوڈی ایل پروگرامز سے متعلق عام سوالات دیکھیں۔

(https://ncte.gov.in/Website/PDF/faq_odl.pdf)

**NCTE (Recognition Norms & Procedure) Regulations, 2014**

**Frequently Asked Questions on ODL Programmes**

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Can a candidate having diploma in teacher education through face-to-face mode and not in any job, be admitted to B.Ed(ODL)? | A person who is a trained in-service teacher in Elementary Education provided he/she possesses BA/BSc/B.Com/MA/MSc/M.Com degree with 50% marks or degree in Engineering/Technology with 55% marks with specialization in Science & Mathematics, is eligible for admission in B.Ed (ODL) programme. The trained teacher means a person who has completed as NCTE recognised teacher education programme through face to face mode. An in-service teacher means who is employed as a teacher in elementary school or elementary stage of education. |
| 2. | Whether music teacher and Physical Education teacher are eligible to be admitted either in B.Ed. or B.Ed. (ODL)? | Music/Physical Education teachers are eligible to be admitted in B.Ed programme if they possess Bachelor/Post Graduate degree in Arts/Science/Social Science/ Commerce with minimum 50% marks or BE/ B.Tech with minimum 55% marks with specialization in Science and Mathematics. However, to be eligible for admission in B.Ed(ODL) programme, they should have acquired a recognised teacher education qualification through face to face mode. |
| 3. | Whether the teachers who have passed D.El.Ed. either through face-to-face or ODL mode eligible for admission in B.Ed(ODL) programme? | The in-service teachers who have passed D.El.Ed. programme face-to-face mode are eligible for admission in B.Ed (ODL) programme. |
| 4. | Whether an In-service teacher having a D.Ed/STC qualification can be enrolled in B.Ed(ODL) Programme without having a Bachelor's Degree? | No. To be eligible for admission in B.Ed.(ODL) programme, an in-service teacher must have Bachelor/Post Graduate degree in Arts/Science/ Social Science/Commerce with minimum 50% marks or BE/B.Tech with minimum 55% marks with specialization in Science and Mathematics besides a NCTE recognised teacher education qualification through face to face mode. |
| 5. | What consideration could be made if a person is working in Armed Forces, having no NCTE recognized teacher training qualification and wish to apply for B.Ed. (ODL) programme? | The eligibility qualification for admission in B.Ed.(ODL) programme is same for everyone including Armed Forces personnel/employees i.e. Bachelor/Post Graduate degree in Arts/Science/ Social Science/ Commerce with minimum 50% marks or BE/B.Tech with minimum 55% marks with specialization in Science and Mathematics and Diploma/ Certificate in Elementary Education. There is no relaxation for Armed Forces personnel's. |
| 6. | Will face-to-face Teacher Education Programme and ODL Programme together form a composite Teacher Education Institution? | No. As per NCTE Regulations 2014, any institution offering more than one teacher education programme, through face to face mode is a composite institution. The ODL programmes are offered by universities/affiliating bodies and TEIs merely function as Study Centres of the ODL institutions offering such programmes. |

## 3.8۔ وہ طلباء جنہوں نے این سی ٹی ای سے منظوری یافتہ اساتذہ کی تربیتی پروگرام کا درج ذیل میں سے کوئی ایک فیس ٹو فیس موڈ میں کامیابی سے مکمل کیا ہو، اور ساتھ ہی گریجویشن بھی کیا ہو، وہ بی۔ ایڈ۔ (او ڈی ایل) میں داخلے کے اہل ہیں۔

ڈپلوما ان ارلی چائلڈ ہوڈ ایجوکیشن پروگرام لیڈینگ ٹو ڈپلوما ان پری۔اسکول ایجوکیشن (DPSE – 2 Years)

1. ایلمنٹری ٹیچر ایجوکیشن پروگرام لیڈینگ ٹو ڈپلوما ایلمنٹری ایجوکیشن (D.El.Ed.)
2. بیچلر آف ایلمنٹری ٹیچر ایجوکیشن پروگرام لیڈینگ ٹو بیچلر آف ایلمنٹری ایجوکیشن (B. El. Ed.) ڈگری
3. ڈپلوما ان فزیکل ایجوکیشن پروگرام لیڈینگ ٹو ڈپلوما ان فزیکل ایجوکیشن (D. P.Ed.)
4. بیچلر آف فزیکل ایجوکیشن پروگرام لیڈینگ ٹو بیچلرس ان فزیکل ایجوکیشن (B.P.Ed.)
5. ڈپلوما ان آرٹس ایجوکیشن (وژول آرٹس) پروگرام لیڈنگ ٹو ڈپلوما ان آرٹس ایجوکیشن (Visual Arts)
6. ڈپلوما ان آرٹس ایجوکیشن (پرفارمنگ آرٹس) پروگرام لیڈنگ ٹو ڈپلوما ان آرٹس ایجوکیشن (Performing Arts)

**نوٹ:** اوپر درج کیے گئے پروگراموں کے علاوہ ایسے تمام پروگرام جو پرانے نام سے ہوں مثلاً ڈی ایڈ، ٹی ٹی سی، ٹی سی ایچ، یو پی ٹی، وغیرہ، جو این سی ٹی ای سے ٹیچر ایجوکیشن کے روبرو پروگراموں کی حیثیت سے منظور شدہ ہوں، بی ایڈ میں داخلوں کے لیے اہل قرار دیے جاسکتے ہیں۔

## 3.9۔ پروگرام فیس

بی ایڈ پروگرام کے دو سال کی فیس کا اسٹرکچر درج ذیل ہے:

| پروگرام کا نام | داخلہ فیس | کورس فیس برائے ایس سی / ایس ٹی / پی ڈبلیو ڈی طلبا | کورس فیس برائے عمومی طلبا | لیب / پریٹیکل فیس | امتحان فیس | ڈیویلپمنٹ فیس | جملہ فیس برائے ایس سی / ایس ٹی / پی ڈبلیو ڈی طلبا | جملہ فیس برائے عمومی طلبا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | روپے | | | | | | | |
| بی ایڈ پروگرام پہلا سال (سمسٹر۔اول و دوم) | 1000 | 9900 | 16500 | 1000 | 2000 | 1000 | 14900 | 21500 |
| بی ایڈ پروگرام دوسرا سال (سمسٹر۔سوم و چہارم) | | 9900 | 16500 | 1000 | 2000 | 1000 | 13900 | 20500 |
| | | | | | | | **28800** | **42000** |

بی ایڈ پروگرام کی کل فیس حسب ذیل ہے۔

1. ان رزروڈ یا جنرل، اووی سی، اور ای ڈبلیو ایس کے امیدوار کے لیے 42000 روپے ہے۔
2. ایس سی / ایس ٹی / پی ڈبلیوڈی / ٹی جی اور خواتین امیدواروں کے لیے 28800 روپے ہے۔

**فیس داخلے کے وقت پوری ادا کرنی ہو گی۔** امیدوار کو عارضی داخلے کے وقت فیس آن لائن ہی ادا کرنی ہے۔ اگر کوئی امیدوار تعین کردہ مدت تک فیس ادا نہیں کر پاتا تو اس کا داخلہ منسوخ ہو جائے گا۔

## 3.10۔ فیس پر نظر ثانی

یونیورسٹی پروگرام کی مدت کے دوران کسی بھی پروگرام کی فیس کے ڈھانچے پر نظر ثانی کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ امیدواروں کو یونیورسٹی انتظامیہ کے فیصلوں اور وقتاً فوقتاً وضع کردہ قواعد وضوابط کی پابندی کرنی ہو گی۔

## 3.11۔ فیس واپسی کی پالیسی

اگر کوئی امیدوار کسی بھی وقت اپنے تعلیمی پروگرام کو چھوڑنا یا منسوخ کرنا چاہتا ہے تو وہ ایسا صرف SAMARTH پورٹل کے ذریعے ہی کر سکتا ہے۔ فیس واپسی کی پالیسی درج ذیل ہے۔

| فیس واپسی کی مجموعی فیصد | یو جی سی ریگولیشنس کے مطابق یونیورسٹی کو داخلے کی منسوخی کے لیے دی گئی نوٹس کا وقت |
|---|---|
| 100٪ | داخلے کی آخری تاریخ سے 15 یا اس سے زائد دنوں سے پہلے |
| 90٪ | داخلے کی باقاعدہ آخری تاریخ سے پہلے 15 دنوں سے کم |
| 80٪ | داخلے کی باقاعدہ آخری تاریخ کے 15 دن کے بعد یا اس سے کم |
| 50٪ | داخلے کی باقاعدہ آخری تاریخ سے 30 دن یا اس سے کم، لیکن 15 دنوں سے زیادہ |
| 0٪ | داخلے کی باقاعدہ آخری تاریخ کے بعد 30 دنوں سے زیادہ |

## 3.12۔ دوبارہ رجسٹریشن

اگر کوئی طالب علم مقررہ زیادہ سے زیادہ پانچ سال کی میعاد میں پروگرام کو مکمل نہیں کر پاتا تو اسے دوبارہ رجسٹریشن (Re- Registration) کرانا ہوگا۔ اس کی تفصیلات درج ذیل ہیں۔

| شمار نمبر | فہرست | فیس (روپے میں) |
|---|---|---|
| 1 | دوبارہ رجسٹریشن فیس | کل فیس کا دس فیصد * |
| 2 | فی کورس فیس | کورسز کی تعداد کی بنیاد پر تناسبی تقسیم ** |
| 3 | امتحانی فیس (فی کورس) | -/300 |
| 4 | داخلہ فیس کا پچاس فیصد اگر وہ متعلقہ سال کا امتحان دینا چاہتا ہے۔ | |

## 3.13۔ تدریسی نظام

بی۔ایڈ پروگرام کے تدریسی نظام میں کثیر میڈیا طرز رسائی یعنی خود اکتسابی مواد، سمعی و بصری اسباق، تفویضات، کاونسلنگ سیشن اور اسکولوں میں عملی کام اور ورکشاپ شامل ہیں۔

(i) **طبع شدہ خود اکتسابی مواد:** اس پروگرام کے نظریاتی اور عملی دونوں اجزاء کے لیے خود اکتسابی مواد طبع شدہ شکل میں فراہم کیا جائے گا۔ خود اکتسابی مواد (ایس ایل ایم) رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے بھیجا جائے گا۔ محکمہ ڈاک کی وجہ سے ہونے والی تاخیر کے لیے یونیورسٹی ذمہ دار نہیں ہوگی۔

(ii) **سمعی و بصری اسباق:** سمعی و بصری اسباق مضمون کی سمجھ میں اضافے کے لیے اضافی مواد ہیں۔ انہیں پروگرام سینٹرس پر مشاورتی کلاسوں اور ورک شاپ کے دوران میں استعمال کیا جائے گا۔ ان پروگراموں کو IMC کے یوٹیوب چینل پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

(iii) **تفویضات:** این سی ای ٹی قواعد و ضوابط کے مطابق تفویضات تدریسی نظام کا ایک اہم اور لازمی حصہ ہیں۔ ہر نظریاتی کورس کے لیے لازمی تفویضات مقرر ہیں۔ طلبا کے لیے ان تفویضات کو مقررہ میعاد کے اندر (جس کی نشاندہی پروگرام گائیڈ میں علیحدہ سے کر دی جائے گی) پروگرام سینٹر پر جمع کرنا لازمی ہیں۔

(iv) **مشاورتی کلاسز اور ورک شاپ:** مشاورتی کلاسز اور ورکشاپ سیشن متعلقہ پروگرام سینٹرس میں مقررہ وقت کے دوران میں تعلیمی کیلنڈر کے مطابق کیے جائیں گے۔

a) **مشاورت:** ہر سمسٹر میں 6 دن کی مدت کے لیے مشاورتی سیشن منعقد کیا جائے گا۔ مشاورت کے سیشن کا استعمال طلبا کو مواد کی مشکلات، فیلڈ ورک، تدریسی عمل، منصوبوں، تفویضات، مقالات، ٹائم مینجمنٹ، مطالعاتی ہنر وغیرہ کے بارے میں ذاتی رہنمائی فراہم کرنے کے لیے استعمال ہوگا۔

b) **ورکشاپ:** ہر سمسٹر میں تین دن کی مدت کا ایک ورکشاپ ہوگا۔ ورکشاپ میں اساتذہ کو تربیت دی جائے گی ، اور وہ کسی استاد یا

استاد معلم سے مطلوب تمام قابلیت اور مہارتیں حاصل کریں گے ۔ لہٰذا، وہ بطور فرد یا بطور گروپس کی حیثیت سے مخصوص سرگرمیوں میں مشغول ہوں گے ، پروگرام سینٹرز کلاس روم میں تدریس کی مشق کا بھی انتظام کریں گے اور ان کی تدریس آلات، تحقیقی آلات ، ورک شیٹس ، کورس یونٹ ، تفویضات ، تخمینہ قدر کی تیاری میں ان کی تربیت کریں گے۔ طلبا کو کمرہ جماعت کی سرگرمیوں میں جو کچھ کرنا ہے اس پر عمل کرنے کے لیے انہیں کافی مواقع فراہم کیے جائیں گے۔

(v) **اسکول پر مبنی سرگرمیاں:** بی ایڈ اوڈی ایل پروگرام کے تحت تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کو ان تمام سرگرمیوں میں حصہ لینا ہوگا جو ایک استاد سے اسکول میں انجام دینے کی توقع کی جاتی ہیں۔

(vi) **تدریسی مشق اور انٹرن شپ:** طلباء سینئر اساتذہ کی نگرانی میں کسی ثانوی اسکول میں تدریسی مشق اور انٹرن شپ انجام دیں گے۔

### اہم ہدایات

- **اکادمک کاونسلنگ اور ورک شاپ، دونوں سیشن میں طلبا کی حاضری لازمی ہے۔**
- **بی ایڈ پروگرام سے متعلق سبھی سرگرمیاں مثلاً کاونسلنگ کلاسز، ورکشاپ سیشنس، تفویضات وغیرہ اُن کے متعلقہ پروگرام سینٹرس پر ہی منعقد کی جائیں گی۔**
- **بی ایڈ پروگرام سے متعلق سرگرمیوں کی تکمیل مختص کردہ پروگرام سنٹرس کے علاوہ کسی اور پروگرام سنٹر پر انجام دینے کے لیے متعلم اساتذہ (student-teachers) کی درخواست پر کسی بھی صورت میں غور نہیں کیا جائے گا۔**

## 3.14۔ تعین قدر (Evaluation)

نظریاتی اور عملی دونوں کام کے لیے تعین قدر کا نظام درج ذیل ہے:

### تھیوری

تھیوری کورسز کا تعین قدر درج ذیل پہلوؤں پر مشتمل ہے۔

- ہر مطالعاتی اکائی کے اندر شامل خود کار تعین قدر کی مشقیں (نان-کریڈٹ)
- لازمی تفویضات کی شکل میں مسلسل تعین قدر۔ ہر کورس کے لیے اس کا حصہ 30 فیصد ہوتا ہے۔ ہر کورس میں 2/3 اسائنمنٹس ہوں گے (فی کورس 100 نمبروں /4 کریڈٹ کے لیے 3 اور 50 نمبروں /2 کریڈٹ کے لیے 2 اسائنمنٹ)۔
- ہر کورس کے لیے ٹرم اینڈ امتحان (term-end examination) کا حصہ 70 فیصد ہے۔

### پریکٹیکلس

عملی کورسز کا تعین قدر درج ذیل پہلوؤں پر مشتمل ہے:

- ورک شاپ پر مبنی سرگرمیوں میں کارکردگی کا تعین قدر۔

- اسکول پر مبنی سرگرمیاں اور ٹیچنگ پریکٹس کا مسلسل تعین قدر۔
- انٹرنشپ (internship) کا تعین قدر۔

## 3.15۔ پروگرام کی ساخت

سمسٹر I — کل کریڈٹ = 20 — کل نمبرات 500 =

| نمبر شمار | پیپر کوڈ | مضمون | نمبرات | کریڈٹ: تھیوری | کریڈٹ: پریکٹیکل | داخلی تشخیص | بیرونی تشخیص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | B9ED101CCT | تعلیم کی فلسفیانہ بنیادیں | 100 | 4 | | 30 | 70 |
| 2 | B9ED102CCT | متعلم کی نفسیات اور اکتساب | 100 | 4 | | 30 | 70 |
| 3 | B9ED103CCT | کمیونیکیٹیو انگلش | 50 | 2 | | 15 | 35 |
| | اسکول مضامین کی تدریسیات - حصہ 1 (کوئی دو مضامین) | | | | | | |
| 4 | B9ED101DST | ریاضی کی تدریسیات | 100+100= 200 | 4+4= 8 | | 30+30= 60 | 70+70= 140 |
| | B9ED102DST | حیاتیاتی سائنس کی تدریسیات | | | | | |
| | B9ED103DST | سماجی مطالعات کی تدریسیات | | | | | |
| | B9ED111DST | اردو کی تدریسیات | | | | | |
| | B9ED112DST | ہندی کی تدریسیات | | | | | |
| | B9ED113DST | انگریزی کی تدریسیات | | | | | |
| | B9ED114DST | طبیعیاتی سائنس کی تدریسیات | | | | | |
| 5 | B9ED101CCP | ورک شاپ پر مبنی سرگرمیاں-1 | 50 | | 2 | 50 | |
| | | | | 18 | 2 | | |
| کل | | | 500 | 20 | | 185 | 315 |

سمسٹر II — کل کریڈٹ = 20 — کل نمبرات 500 =

| نمبر شمار | پیپر کوڈ | مضمون | نمبرات | کریڈٹ: تھیوری | کریڈٹ: پریکٹیکل | داخلی تشخیص | بیرونی تشخیص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | BQED201CCT | تعلیم کی سماجیاتی بنیادیں | 100 | 4 | | 30 | 70 |
| 2 | BQED202CCT | اکتساب اور تدریس | 100 | 4 | | 30 | 70 |
| 3 | BQED203CCT | آئی سی ٹی پر مبنی تدریس و اکتساب | 50 | 2 | | 15 | 35 |
| | اسکول مضامین کی تدریسیات - حصہ 1 (کوئی دو مضامین) | | | | | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 70+70= 140 | 30+30= 60 | | 4+4= 8 | 100+100= 200 | ریاضی کی تدریسیات | BQED201DST | 4 |
| | | | | | حیاتیاتی سائنس کی تدریسیات | BQED202DST | |
| | | | | | سماجی مطالعات کی تدریسیات | BQED203DST | |
| | | | | | اردو کی تدریسیات | BQED211DST | |
| | | | | | ہندی کی تدریسیات | BQED212DST | |
| | | | | | انگریزی کی تدریسیات | BQED213DST | |
| | | | | | طبیعیاتی سائنس کی تدریسیات | BQED214DST | |
| | 50 | 2 | | 50 | ورک شاپ پر مبنی سرگرمیاں-2 | B9ED201CCP | 5 |
| | | 2 | 18 | | | | |
| 315 | 185 | 20 | | 500 | کل | | |

سمسٹر III　　کل کریڈٹ = 20　　کل نمبرات = 500

| بیرونی تشخیص | داخلی تشخیص | کریڈٹ | | نمبرات | مضمون | پیپر کوڈ | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | پریکٹیکل | تھیوری | | | | |
| 70 | 30 | | 4 | 100 | احتساب برائے اکتساب | B9ED301CCT | 1 |
| 35 | 15 | | 2 | 50 | اسکولی انتظام | B9ED302CCT | 2 |
| 35 | 15 | | 2 | 50 | آئی سی ٹی صلاحیتیں | B9ED303CCT | 3 |
| | 50 | 2 | | 50 | آرٹ ایجوکیشن | B9ED301EPC | 4 |
| | 50 | 2 | | 50 | مطالعہ متون اور ان پر اظہار خیال | B9ED302EPC | 5 |
| | 50 | 2 | | 50 | ورک شاپ پر مبنی سرگرمیاں-3 | B9ED301CCP | 6 |
| | 50 | 2 | | 50 | اسکول پر مبنی سرگرمیاں- I | B9ED302CCP | 7 |
| | 100 | 4 | | 100 | ٹیچنگ پریکٹس اور انٹرنشپ (تین ماہ کے لیے زیر نگرانی) TP-1 | B9ED303CCP | 8 |
| | | 12 | 8 | | | | |
| 140 | 360 | 20 | | 500 | کل نمبرات | | |

سمسٹر IV | کل کریڈٹ 20 = | کل نمبرات 500 =

| نمبر شمار | پیپر کوڈ | مضمون | نمبرات | کریڈٹ | | داخلی تشخیص | بیرونی تشخیص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | تھیوری | پریکٹکل | | |
| 1 | B9ED401CCT | تعلیم میں عصری امور | 100 | 4 | | 30 | 70 |
| 2 | B9ED402CCT | ماحولیاتی تعلیم | 50 | 2 | | 15 | 35 |
| 3 | B9ED403CCT | شمولیتی تعلیم | 50 | 2 | | 15 | 35 |
| 4 | B9ED404CCT | صحت اور جسمانی تعلیم | 50 | 2 | | 15 | 35 |
| 5 | B9ED401EPC | تفہیم خودی | 50 | | 2 | 50 | |
| 6 | B9ED401CCP | ورک شاپ پر مبنی سرگرمیاں-4 | 50 | | 2 | 50 | |
| 7 | B9ED402CCP | اسکول پر مبنی سرگرمیاں-2 | 50 | | 2 | 50 | |
| 8 | B9ED403CCP | اختتامی اسباق (Final Lessons)<br>(زیر نگرانی) TP-II | 100 | | 4 | 100 | |
| | | | | 10 | 10 | | |
| | | | 500 | 20 | | 325 | 175 |

## سمسٹر وار بریک اپ

| نمبر شمار | سمسٹر | نشانات | کریڈٹس | | داخلی تشخیص | بیرونی تشخیص |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | تھیوری | پریکٹکل | | |
| 1 | سمسٹر I | 500 | 18 | 2 | 185 | 315 |
| 2 | سمسٹر II | 500 | 18 | 2 | 185 | 315 |
| 3 | سمسٹر III | 500 | 08 | 12 | 360 | 140 |
| 4 | سمسٹر IV | 500 | 10 | 10 | 325 | 175 |
| **کل** | | **2000** | **80** | | **1055** | **945** |

## نشانات اور کریڈٹ کی تقسیم:

| نمبر شمار | تفصیلات | نشانات | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 1 | CCT – Core Course Theory | 950 | 38 |
| 2 | EPC – Enhancing Professional Capabilities Course | 150 | 06 |
| 3 | DST – Discipline Specific Theory (Elective Course) | 400 | 16 |
| 4 | CCP – Core Course Practical | 500 | 20 |
| | **Total** | 2000 | 80 |

## کور پریکٹیکل کورس

| نمبر شمار | Core Practical Course | کریڈٹ | نشانات |
|---|---|---|---|
| 1 | اسکول پر مبنی سرگرمیاں-I | 2 | 50 |
| 2 | اسکول پر مبنی سرگرمیاں-II | 2 | 50 |
| 3 | ورکشاپ پر مبنی سرگرمیاں-I | 2 | 50 |
| 4 | ورکشاپ پر مبنی سرگرمیاں-II | 4 | 50 |
| 5 | ورکشاپ پر مبنی سرگرمیاں-III | 2 | 50 |
| 6 | ورکشاپ پر مبنی سرگرمیاں-IV | 2 | 50 |
| 7 | ٹیچنگ پریکٹس (زیر نگرانی) | 4 | 100 |
| 8 | انٹرنشپ اور اختتامی اسباق (زیر نگرانی) | 2 | 100 |
| | کل | 20 | 500 |

## تلخیص (نمبرات اور کریڈیٹس کی سمسٹر وار تقسیم)

| سمسٹر | نمبرات | | کریڈٹ | |
|---|---|---|---|---|
| | تھیوری | پریکٹیکل | تھیوری | پریکٹیکل |
| سمسٹر I | 450 | 50 | 18 | 02 |
| سمسٹر II | 450 | 50 | 18 | 02 |
| سمسٹر III | 200 | 300 | 08 | 12 |
| سمسٹر IV | 250 | 250 | 10 | 10 |
| کل | 1350 | 650 | 54 | 26 |
| گرینڈ ٹوٹل | 2000 | | 80 | |

## 4۔ داخلہ کا طریقہ کار

a. مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے منعقد کردہ انٹرنس ٹیسٹ میں حاصل کردہ نشانات / رینک کی بنیاد پر داخلے دیے جاتے ہیں۔

b. آن لائن درخواست فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ https://manuuadmission.samarth.edu.in/2025 پر دستیاب ہیں۔

c. فارم کی خانہ پُری کرتے وقت امیدوار کو چاہیے کہ درکار تمام دستاویزات کی سافٹ کاپی بھی اپلوڈ کریں۔

